ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

سندھ پولیس مظلوم کشمیریوں کے ساتھ ہے۔ ﴿آئی جی سندھ﴾

کراچی 05فروری 2020ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے کشمیر ڈے کے حوالے سے ایک بیان میں کہا کہ سندھ پولیس اور سندھ کے عوام مظلوم کشمیریوں کے ساتھ ہیں۔ ہر عروج کو زوال آتا ہے اور ایسا ہی ایک دن آئیگا جب ظلم نیست و نابود ہوگا اور حق کو فتح نصیب ہوگی۔ آج پوری دنیا یہ جان گئی ہے کہ آزاد قوموں کو کبھی قید نہیں کیا جاسکتا اور وہ دن دور نہیں جب کشمیر کے عوام آزادی کا سورج طلوع ہوتے اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے۔

آئی جی سندھ نے مزید کہا کہ سندھ پولیس مقبوضہ کشمیر کے عوام کے ساتھ کھڑی ہے اور کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے۔ انہوں نے پولیس کو ہدایات جاری کیں کہ مقبوضہ کشمیر کی آزادی اور ان سے اظہار یکجہتی کے حوالے سے سندھ بھر میں نکالی جانیوالی ریلیوں کے حفاظتی اقدامات کو متعلقہ تھانہ جات کی سطح پر غیر معمولی بنایا جائے۔

_:_:_:_:_:_:_:_:_:_